غریب آباد میں فرنیچر مارکیٹ میں آتشزدگی کی تحقیقات کرائی جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔30نومبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے غریب آباد کے علاقے میں فرنیچر مارکیٹ میں آتشزدگی اور درجنوں کیبن جل کر خاکستر ہونے کے واقعہ پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ غریب آباد کی فرنیچر مارکیٹ میں آتشزدگی کا واقعہ تشویشناک ہے اوراس واقعہ سے درجنوں افراد کو مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے متاثرہ دکانداروں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،نگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوتہ اوراعلیٰ احکام سے مطالبہ کیا کہ غریب آباد میں فرنیچر مارکیٹ میں آتشزدگی کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے اور متاثرہ دکانداروں کے نقصان کا ازالہ کیا جائے۔

غریب آباد کی فرنیچر مارکیٹ میں آتشزدگی کی اطلاع ملتے ہی لیاقت آباد کے ٹاؤن ناظم اورایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران جائے حادثہ پہنچ گئے

کراچی۔۔۔30نومبر2007ء

غریب آباد کے علاقے میں فرنیچر مارکیٹ میں آتشزدگی کے واقعہ کی اطلاع ملتے ہیں لیاقت آباد کے حق پرست ٹاؤن ناظم حافظ اسامہ قادری اورایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران جائے حادثہ پر پہنچ گئے اورانہوں نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔اس موقع پر لیاقت آباد ٹاؤن کے ناظم نے اپنی نگرانی میں آگ بجھانے کی کارروائی کی نگرانی کی اور متاثرہ دکانداروں سے ملاقات کرکے اس واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں۔انہوں نے متاثرہ دکانداروں سے دلی ہمدردی کا بھی اظہار کیا۔

جمعیت کے دہشت گردوں کی غنڈہ گردی کا سلسلہ بند کرایا جائے، اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔30،نومبر2007ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کمیٹی کی مرکزی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی اوراس کی بغل بچہ تنظیم اسلامی جمعیت طلباء کے دہشت گرد پنجاب کے بعد سندھ کے تعلیمی اداروں کا امن وسکون بھی غارت کرنا چاہتے ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اسلامی جمعیت طلبہ کے دہشت گرد دہشت گردی اور غنڈہ گردی کے ذریعے کراچی کے تعلیمی اداروں کا پرامن ماحول سبوتاژ کرنے کی کوشش کررہے ہیں اور مونوٹیکنک کالج کے لیکچرار حسن حیدر کا قتل اسی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے۔انہوں نے کہا کہ لیکچرار حسن حیدر کے قتل میں ملوث جماعت اسلامی کے دہشت گردوں کی اسلحہ سمیت رنگے ہاتھوں گرفتاری اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ جماعت اسلامی کو کراچی کے تعلیمی اداروں کا امن ایک آنکھ نہیں بھا رہا ہے اور وہ شہر کے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے کیلئے کھلی غنڈہ گردی پر اتر آئی ہے۔اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کیٹی کے ارکان نے گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور نگراں وزیراعلیٰ عبدالقادر ہالیپوتہ سے مطالبہ کیا کہ جمعیت کے دہشت گردوں کے ہاتھوں مونوٹیکنک کالج گلستان جوہر کے لیکچرار حسن حیدر کے قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، تعلیمی اداروں میں جمعیت کی کھلی غنڈہ گردیوں کا سلسلہ بند کرایا جائے اورلیکچرار حسن حیدر کے سفاک قاتلوں کو قانون کے مطابق سخت ترین سزادی جائے۔

ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا اوربن قاسم سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30،نومبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے کارکن محمد شبیر کی والدہ محترمہ رئیسہ بیگم اورایم کیوایم بن قاسم سیکٹر یونٹ شاہ لطیف ٹاؤن کے کارکن وکیل عارفانی کے بڑے بھائی محمد غنی عارفانی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

بلوچستان کے معروف گلوکار غنی جان مینگل نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کردیا

کوئٹہ۔۔۔30نومبر 2007ء

بلوچستان کے معروف موسیقار اور گلوکار غنی جان مینگل نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی کمیٹی کے جوائنٹ انچارجز کامریڈ عبدالحئی بنگلزئی اور اسمٰعیل لہڑی سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر صوبائی کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ غنی جان مینگل نے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کیلئے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو زبانی جمع خرچ کے بجائے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور انشاءاللہ وہ بھی جناب الطاف حسین کا پیغام حق بلوچستان میں عام کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ ایم کیوایم کی صوبائی کمیٹی کے ارکان نے غنی جان مینگل کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا خیرمقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆☆